## 150090 ـ دیوبندیوں کے پیچھے نماز ادا کرنا

**سوال**

میرے علاقے میں اکثریت حنفی اور دیوبندی حضرات کی ہے، اس علاقے میں سلفی اہلحدیث حضرات کی مساجد بہت ہی کم ہیں، اور عصر کی نماز کا وقت مجھے ڈیوٹی پر ہی ہو جاتا ہے جہاں قریب کوئی سلفی اہلحدیث مسجد نہیں جس میں عصر کی نماز باجماعت ادا کر سکوں، بلکہ وہاں حنفیوں کی مسجد ہے جو عصر کی نماز تاخیر کے ساتھ مغرب سے تقریبا ایك گھنٹہ قبل ادا کرتے ہیں.
مجھے بتائیں کہ میں کیا کروں آیا اس حالت میں نماز مؤخر کر کے نماز باجماعت ادا کروں یا کہ اول وقت میں اکیلے ہی ڈیوٹی والی جگہ میں نماز ادا کر لیا کروں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اول:

عصر کی نماز کا اختیاری وقت اس وقت شروع ہوتا ہے جب ہر چیز کا سایہ اس کی مثل یعنی برابر ہو جائے، اور یہ ظہر کےوقت کی انتہاء ہے، عصر کی نماز کا وقت سورج زرد ہونے تك رہتا ہے.

عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" ظہرکاوقت عصر کی نماز کے وقت تك ہے، اورعصر کی نماز کا وقت سورج زرد ہونے تك رہتا ہے "

صحیح مسلم حدیث نمبر ( 612 ).

اس لیے بغیر کسی ضرورت کے نماز میں تاخیر کرنا جائز نہیں ہے.

آپ نمازوں کے اوقات کی تفصیل معلوم کرنے کے لیے سوال نمبر ( 9940 ) کے جواب کا مطالعہ کریں.

اور موسم کے مختلف ہونے کے اعتبار سے سورج زرد ہونے کا وقت بھی بدلتا رہتا ہے، یعنی موسم بہار میں اور وقت ہوگا، اور موسم گرما میں اس سے مختلف اور موسم سرما میں اس کی بجائے کوئی اور وقت، لیکن اگر مغرب سے ایك گھنٹہ قبل نماز ادا کی جائے تو یہ سورج زرد ہونےسے قبل ہو گی، لیکن اول وقت میں نماز ادا کرنا افضل ہے.

یہ معلوم ہونا چاہیے کہ جمہور فقہاء کے ہاں ظہر کاآخری وقت ہر چیز کے سایہ کی ایك مثل کے برابر ہے، لیکن ابو حنیفہ رحمہ اللہ کی رائے میں دو مثل ہونے پر ہے، جو کہ حدیث کے مخالف ہے.

اور بعض احناف جمہور کے ساتھ ہی متفق ہیں کہ ظہر کا وقت ایك مثل ہونے پر ختم ہو جاتا ہے، جن میں صاحبین ابو یوسف اور محمد رحمہم اللہ شامل ہیں، اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے بھی ایك روایت یہی ہے.

حصکفی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" ظہر کا وقت زوال سے شروع ہو کر یعنی سورج کی ٹکیہ کا آسمان کے وسط سے زائل ہو کر ہر چیز کا دو مثل سایہ ہونے تك رہتا ہے، اور امام ابو حنیفہ ایك مثل ثابت ہے، اور امام زفر اور ابو یوسف اور محمد اور آئمہ ثلاثہ یعنی امام شافعی احمد اور مالك کا قول یہی ہے.

امام طحاوی رحمہ اللہ کا قول ہے: ہم اسے ہیں لیں گے.

اور غرر الاذکار میں درج ہے: اسے ہی لیا جائیگا.

اور البرھان میں درج ہے: یہ زیادہ ظاہر ہے، کیونکہ جبریل علیہ السلام نے یہی وقت بیان کیا تھا، اور اس باب میں یہی نص ہے.

اور فیض الباری میں درج ہے:

آج ( احناف ) لوگوں کا عمل اسی پر ہے اور اسی کا فتوی دیا جاتا ہے" انتہی

الدر المختار مع حاشیۃ ابن عابدین ( 1 / 359 ).

حاصل یہ ہوا کہ عصر کی نماز میں تاخیر کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اول وقت میں ادا کرنا سنت اور افضل ہے لیکن نماز عصر وقت کے اندر ہی ادا کرنا چاہیے یعنی سورج زرد ہونے سے قبل نماز عصر ادا کر لینی چاہیے، اور آپ اس لیے جماعت مت چھوڑیں.

دوم:

دیوبندی مذہب عقیدہ ماتریدیہ پر قائم ہے، اور یہ لوگ صوفی طرق مثلا نقشبندی اور چشتی اور قادری اور سوہروردی طریقے اختیار کرتے ہیں.

اس کی تفصیل سوال نمبر ( 22473 ) کے جواب میں بیان کی جا چکی ہے، آپ اس کا مطالعہ کریں.

اور دیوبندی حضرات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صلحاء کے توسل کے بھی قائل ہیں.

بدعتی شخص کے پیچھے نماز ادا کرنے کے بارہ میں راجح حکم یہی ہے کہ جس کے مسلمان ہونے کا حکم ہو اس کے پیچھے نماز ادا کرنی جائز ہے، اور جس کی بدعت کفریہ ہو اور وہ اس بدعت کی بنا پر کافر ہو جائے تو اس کے پیچھے نماز نہیں ہوگی.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال دریافت کیا گیا:

کیا اہل سنت والجماعت کے عقیدے کے مخالف شخص مثلا اشعری عقیدہ رکھنے والے کے پیچھے نماز ادا کرنا جائز ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

قریب تر جواب تو یہی ہے کہ ( واللہ اعلم ) جس کے بارہ میں ہم مسلمان ہونے کا حکم لگائیں تو اس کے پیچھے ہمارا نماز ادا کرنا صحیح ہے، اور جس کے مسلمان نہ ہونے کا حکم ہو اس کے پیچھے نماز نہیں ہوگی.

اہل علم کی ایک جماعت کا قول یہی ہے اور صحیح قول بھی یہی ہے.

لیکن جو کہتا ہے کہ نافرمان شخص کے پیچھے نماز ادا کرنا صحیح نہیں اس کا قول قابل قبول نہیں، اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے امراء کے پیچھے نماز ادا کرنے کی اجازت دی ہے، اور اکثر امراء نافرمان ہوتے ہیں، اور پھر ابن عمر اور انس رضی اللہ تعالی عنہم اور صحابہ کی ایک جماعت نے حجاج بن یوسف کے پیچھے نماز ادا کی حالانکہ وہ سب سے زیادہ ظالم شخص تھا.

حاصل یہ ہوا کہ ایسے بدعتی شخص کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے جس کی بدعت اسے دائرہ اسلام سے خارج نہ کرتی ہو، یا ایسے فاسق و فاجر شخص کے پیچھے بھی نماز ہو جائیگی جو اسے دائرہ اسلام سے خارج نہ کرے.

لیکن انہیں سنت پر عمل کرنے والے شخص کو امام بنانا چاہیے، اور اسی طرح اگر کچھ لوگ کہیں جمع ہوں تو وہ نماز کے لیے اپنے میں سب سے افضل شخص کو آگے کریں " انتہی

دیکھیں: فتاوی شیخ ابن باز ( 5 / 426 ).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال دریافت کیا گیا:

کچھ اسلامی ممالک جہاں کی اکثر مساجد میں اشعری مذہب رکھنے والے امام ہوں ان مساجد میں اشعری عقیدہ

رکھنے والے امام کے پیچھے نماز ادا کرنے کا حکم کیا ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" جائز ہے، اور امام کے عقیدہ کے متعلق سوال کرنا لازم نہیں "

میں نے شیخ رحمہ اللہ سے دریافت کیا:

اگر یہ پتہ چل جائے کہ امام اشعری عقیدہ رکھتا ہے تو ؟

شیخ رحمہ اللہ نے جواب دیا:

" اس کے پیچھے نماز جائز ہے، میرے علم کے مطابق تو کسی ایك نے بھی اشاعرہ یعنی اشعری عقیدہ رکھنے والوں کو کافر قرار نہیں دیا " انتہی

ماخوذ از: ثمرات التکوین تالیف: احمد عبد الرحمن القاضی.

اور مستقل فتاوی کمیٹی کے فتاوی جات میں درج ہے:

رہا مسئلہ بدعتی کے پیچھے نماز ادا کرنا تو اگر اس کی بدعت شرکیہ ہو مثلا غیر اللہ کو پکارنا اور غیر اللہ کے لیے نذر و نیاز دینا، اور ان کا اپنے پیروں اور مشائخ کے بارہ میں اللہ کے کمال علم جیسا عقیدہ رکھنا، اور ان کے بارہ میں یہ عقیدہ رکھنا کہ انہیں علم غیب ہے، یا کون میں اثرانداز ہوتے ہیں اور اختیار رکھتے ہیں تو پھر ان کے پیچھے نماز صحیح نہیں ہو گی.

اور اگران کی بدعت شرکیہ نہیں؛ مثلا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت شدہ ذکر کو وہ اجتماعی طور پر کریں اور لہك کر کریں تو ان کے پیچھے نماز صحیح ہے.

لیکن یہ ہے کہ مسلمان شخص کو نماز کی ادائیگی کے لیے سنت پر عمل کرنےوالا امام تلاش کرنا چاہیے بدعتی نہیں؛ تا کہ اجروثواب زیادہ ہو، اور برائی سے دور رہے " انتہی

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 7 / 353 ).

اس بنا پر اگر آپ کو علم ہو کہ وہ شرکیہ امور نہیں کرتا تو اس کے پیچھے نماز صحیح ہے، چاہے وہ عصر کی نماز سوال میں مذکورہ وقت تك کرتا ہو اہم یہ ہے کہ شرکیہ امور نہ کرے اور وقت کے اندر نماز کرتا ہو تو نماز صحیح ہے، اور اس کی بنا پر نماز باجماعت سے پیچھے رہنا جائز نہیں ہوگا.

والله اعلم .